## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کا چہلم کراچی سمیت ملک بھر میں منایا گیا

## ملک بھر میں ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات

کراچی۔۔۔11، دسمبر 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے دیرینہ رفیق، وفادار ساتھی اور ایم کیوایم کے کنوینر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا چہلم متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کراچی سمیت ملک بھر میں منایا گیا۔ چہلم کے سلسلے میں 11 دسمبر بروز ہفتہ کو ملک بھر میں ایم کیوایم کے دفاتروں پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کی تحریک کیلئے جدوجہد کو سراہا گیا اور زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار ، انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں، شہید کے عزیز واقارب سمیت خواتین کی کثیر تعداد کے علاوہ سیاسی، سماجی، صحافتی، ادبی شخصیات، تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام، وکلاء، ڈاکٹرز، انجینئرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر بعد نماز ظہر تا عصر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے بلند درجات ، مغفرت اور ایصال ثواب کیلئے اجتماع کے شرکاء کی بہت بڑی تعداد قرآن خوانی اور قرانی آیت کا ورد کرتی رہی۔ بعدازاں مولانا اسد دیوبندی نے خوش الحانی کے ساتھ اجتماعی دعا کرائی جس میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے درجات کی بلندی، مغفرت، لواحقین کیلئے صبر جمیل، تحریکی ساتھیوں کے بلند حوصلے، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ، اتحاد بین المسلمین کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے خصوصی کرائی۔ کراچی کی طرح اندرون سندھ میں ایم کیوایم حیدرآباد، میرپور خاص، سکھر، نوابشاہ، عمرکوٹ، سانگھڑ، قمبر شہدادکوٹ، بدین، ٹھٹھہ، شکارپور، جیکب آباد، کشمور، نوشہرو فیروز، ٹنڈو الہ یار، جامشورو، دادو، لاڑکانہ زونز، صوبہ پنجاب میں لاہور، ملتان، راولپنڈی، فیصل آباد، گجرانوالہ زونز کے علاوہ ضلعی دفاتر، آزاد کشمیر میں میرپور، مظفر آباد، راولاکوٹ، صوبہ بلوچستان میں صوبائی دفتر واقع کوئٹہ اور ضلعی دفاتر اور خیبر پختونخواہ میں ایم کیوایم کے دفاتر کے علاوہ گلگت زون اور بلتستان زون میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاورق کے چہلم کے موقع پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات ہوئے جن میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی تحریکی جدوجہد زبردست کو تحریکی ساتھیوں کیلئے مشعل راہ قرار دیا گیا اور شہید انقلاب کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ چہلم کے ان اجتماعات میں حق پرست ارکان اسمبلی، صوبائی، ضلعی آرگنائزنگ کمیٹیوں کے اراکین، ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان اور شہید کے لواحقین نے یسین آباد قبرستان جاکر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی قبر پر حاضری دی، چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور شہید کے لواحقین نے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے بلندر درجات اور ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔ علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی رہاشی گاہ جاکر اہل خانہ سے تعزیت ان کے اہل خانہ کے ہمراہ وہ کچھ دیر وہاں رہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

## پاکستان فٹ بال ٹیم کے سابق کپتان شیخ غلام ربانی کے انتقال پر ڈاکٹر صغیر احمد اور رشید گوڈیل کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، دسمبر 2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور حق پرست رکن قومی اسمبلی رشید گوڈیل نے پاکستان فٹبال ٹیم کے سابق کپتان شیخ غلام ربانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے شیخ غلام ربانی مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی تربیت الطاف بھائی نے کی، مولانا اسد دیو بندی

کراچی ۔۔۔ 11، دسمبر 2010ء

ممتاز عالم دین مولانا اسد دیو بندی نے کہا ہے کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت مطلوب، مقصود و مومن کے مصداق تھی، اللہ کی راہ میں کام آنا بڑی فضیلت کی بات ہے ، عمران فاروق کی تربیت کس نے کی سب جانتے ہیں میری مراد جناب الطاف حسین سے ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے چہلم میں اجتماعی دعا کرانے سے قبل اپنی مختصر گفتگو میں کیا۔ مولانا اسد دیو بندی نے کہا کہ الطاف بھائی کی تربیت کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ نے ڈاکٹر عمران فاروق کو شہادت جیسے عظیم رتبے پر فائز کیا۔ اور شہید دلوں میں گامزن ہے وہ اایسے گامزن ہے کہ اس نے الطاف بھائی کے ساتھ رہ کر خدمت خلق کو سمجھا اور اسلام میں خدمت خلق کی اہمیت پر بہت زور دیا گیا ہے ۔عمران فاروق شہید جس درجے پر فائز ہوئے شاید ہم اور آپ بھی اس درجے پر اپنی ،محنت ،لگن اور خدمت خلق سے آسکتے ہیں اس کیلئے تربیت کی ضرورت ہے اور میں نے تو اپنی طویل زندگی میں ہی سمجھا ہے کہ ایسی تربیت پاکستان میں الطاف بھائی کے پاس ہی ہے، الطاف بھائی کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف ہے اور وہ ہر اس شخص کی حمایت میں آواز اٹھاتے ہیں جو کسی نہ کسی انداز سے مستحق ہوتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے محسنوں کو نہیں بھولنا چاہئے ایسے محسن کو جس نے آپ کو مجھے اتحاد اور یگانگت کا درس دیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دن قریب ہے کہ پورے پاکستان کے عوام خواہ وہ کسی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں متحدہ کے پرچم تلے جمع ہوں گے ۔ میں نے الطاف بھائی کو ایک طالب علم کی حیثیت سے بہت جانچا، ان کی تقاریر اور جذبات کو پرکھا تو میں نے اندازہ لگایا کہ اللہ تعالیٰ کے احکامات اور رسول اللہ کی تعلیمات الطاف بھائی کے پیش نظر رہتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ الطاف بھائی کی دعوت جو ہے اس کو نظر غائب میں دیکھیں تو اس میں تبلیغ اسلام کے تمام پہلو نظر آئیں گے ۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعا کی اور بعد از اں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے بلند درجات ،مغفرت اور ایصال ثواب کیلئے دعا کرائی ۔

## گجرانوالہ میں زیادتی کے بعد مغوی بچی کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک قاتلوں کو گرفتار کیا جائے ،افتخار اکبر رندھاوا
## شرمناک واقعہ میں ملوث عناصر انسانیت سے مکمل طور پر عاری ہیں

کراچی ۔۔۔ 11، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے گجرانوالہ میں 3 سالہ مغوی بچی کو زیادتی کے بعد بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس شرمناک واقعہ میں ملوث عناصر کو انسانیت سے مکمل طور پر عاری قرار دیا ہے ۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے مختلف شہروں میں خواتین اور بچیوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات میں اضافہ لمحہ فکر یہ ہے ۔انہوں نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث مظلوم خواتین اور معصوم بچیاں ظلم کی چکی میں پس رہی ہیں اور انہیں ناانصافی اور زیادتی کا نشانہ بنانے والے سفاک عناصر محفوظ ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔افتخار اکبر رندھاوا نے وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ گجرانوالہ میں 3 سالہ مغوی بچی کے زیادتی کے بعد بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت سے سخت ترین سزا دی جائے ۔انہو نے مقتولہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور مقتولہ کے بلند درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی ۔

## ایم کیو ایم اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے ۔رکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی
## ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے کے کے ایف کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ جعفر آباد تحصیل ڈیرہ الہ یار بلوچستان میں امدادی تقریب

کراچی ۔۔۔ 11، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ جعفر آباد تحصیل ڈیرہ الہ یار بلوچستان میں امدادی تقریب منعقد کی گئی جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے سیلاب متاثرین کے سینکڑوں خاندانوں میں امدادی سامان اور غذائی اجناس تقسیم کیں ۔امدادی سامان میں گھی ،تیل ،چاول ،آٹا ،چینی ،دالیں ،دودھ ،کمبل ،جیکٹس گرم ملبوسات اور ضروریات زندگی کے استعمال کی دیگر اشیاء بڑی مقدار میں شامل تھی ۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان عبدالخالق بلوچ ،زاہد قریشی ،مقامی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی اور ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وارکان بھی موجود تھے ۔رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے سیلاب متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کے جذبے سے سرشار ہے اور دکھی انسانیت کی بلاتفریق امتیاز رنگ ونسل خدمت پر یقین

رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم روزِ اول سے ہی عوام کی خدمت کرنے کا عزم کئے ہوئے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر دکھی انسانیت کی خدمت کا عمل جاری رکھتی ہے اور ہر مشکل گھڑی میں عوام کی خدمت کیلئے اپنی عملی خدمات پیش کرتی ہے۔ بعدازاں سیلاب متاثرین نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی جانب سے امدادی سامان تقسیم کرنے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## صدر الیکٹرونکس مارکیٹ کی دکانوں میں چوری کے واقعہ میں ملوث چوروں اوران کے سرپرست اعلیٰ خواہ ان کا تعلق کسی بھی اعلیٰ شخصیات سے ہی کیوں نہ ہوفی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے، خالد بن ولایت اور مقیم عالم

کراچی ۔۔۔11، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر منتخب حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم نے گزشتہ روز صدر الیکٹرونکس مارکیٹ کی متاثرہ دکانوں کا ہنگامی دورہ کیا اور دکانداروں سے ملاقات کر کے چوری کی تفصیلات معلوم کی اور دکانوں سے چوری ہونے والے قیمتی سامان پر تمام متاثرہ دکانداروں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔حق پرست منتخب عوامی نمائندے جیسے ہی متاثرہ مارکیٹ پہنچے دکانداروں نے فوراً اپنے مسائل ور نقصانات کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ چوری کی واردات میں ان کی زندگی بھر کی جمع پونجی چلی گئی جس کے باعث انہیں شدید صدمہ پہنچا ہے جبکہ ان کا جمع جمایا کاروبار ختم ہوگیا اور وہ لوگ فٹ پاتھ پر آ گئے۔انہوں نے بتایا کہ شہر میں پولیس و رینجرز کے دستوں کے گشتوں کے باوجود بھی شہریوں کی جان و مال محفوظ نہیں، چور رات بھر دکانوں کے تالے توڑ کر سامان نکالتے رہے تاہم پولیس وانتظامیہ کو کانوں کان خبر نہ ہوئی جس سے واضح ہوتا ہے یہ سازش ہے جس کا مقصد کراچی کے کاروباری طبقے کو پریشان کر کے کراچی میں کاروباری سرگرمیوں پر قدغن لگانا ہے۔حق پرست منتخب نمائندوں نے دکانداروں کی آپ بیتی کو غور سے سنا اوران سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا۔خالد بن ولایت اور مقیم عالم نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ الیکٹرونکس مارکیٹ کی دکانوں میں چوری کی واردات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، دکانوں میں چوری کے واقعہ میں ملوث چوروں اوران کے سرپرست اعلیٰ خواہ ان کا تعلق کسی بھی اعلیٰ شخصیات سے ہی کیوں نہ ہوفی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے اور تاجر برادری خصوصاً چھوٹے دکانداروں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈووکیٹ نے محمود الحسن ایڈووکیٹ کی عیادت کی

کراچی ۔۔۔11، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج و حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈووکیٹ، جوائنٹ انچارج لیگل ایڈ کمیٹی راؤ شریف ایڈووکیٹ کی سربراہی میں لیگل ایڈ کمیٹی کے دیگر ارکان نے کراچی بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر ور کن سندھ بار کونسل محمود الحسن ایڈووکیٹ کی مقامی اسپتال میں عیادت کی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیر محمود الحسن کے ہمراہ رہے اور انہوں نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں گلدستہ پیش کیا اوران کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## الطاف حسین کے درس کے مطابق تمام مسالک اور فقہوں کے درمیان ہم آہنگی موجود ہے، علمائے کرام محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون اور صوبائی وزیر عبدالحسیب کی سنی تحریک کے رہنماؤں شکیل قادری، آفتاب قادری اور معروف عالم دین علامہ عون نقوی سے ملاقاتیں

کراچی ۔۔۔11، دسمبر 2010ء

محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون اور حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے سنی تحریک کے رہنماؤں شکیل قادری، آفتاب قادری اور معروف عالم دین علامہ عون نقوی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اوران سے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔ملاقات میں سنی تحریک کے رہنماؤں شکیل قادری، آفتاب قادری اور معروف عالم دین علامہ عون نقوی نے کہا کہ محرم الحرام کے مقدس مہینے میں ایم کیوایم کی جانب سے فرقہ واریت کے خاتمے اور قیام امن

کیلئے کی جانے والی عملی کاوشوں کو ہر مکتبہ فکر کے لوگ قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ محرم الحرام کا مقدس مہینہ ہو یا ماہ مبارک ربیع اول ہو صوبہ سندھ میں جناب الطاف حسین کے درس اور تعلیمات کے مطابق تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری موجود ہے اور کسی مسلک اور فقہہ کے درمیان اختلافی امور موجود نہیں ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جناب الطاف حسین نے مسلمانوں کے مسالک اور فقہوں کے درمیان اختلافات ختم کرانے اور اتحاد بین المسلمین کیلئے جو کام کیا ہے وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا اور اسے تاریخ میں سنہری الفاظ میں لکھا جائے گا۔ملاقات میں سنی تحریک کے رہنماؤں شکیل قادری، آفتاب قادری اور معروف عالم دین علامہ عون نقوی نے تمام مکاتب فکر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور قیام امن کو یقینی بنائیں اور ایک دوسرے کے مسالک اور فقہوں کا احترام کر کے فرقہ واریت پھیلانے والوں کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی کے علاوہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی مغفرت کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## گلگت بلتستان کے ضلع چلاس میں سیلاب متاثرین کے امدادی کیمپ میں آتشزدگی کے باعث 4 خواتین کے جھلس کر جاں بحق اور متعدد خواتین کے زخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

## جھلس کر جاں بحق اور زخمی ہونے والی خواتین کے لواحقین اور اہل خانہ کو معاوضہ ادا کیا جائے، رابطہ کمیٹی

لندن۔۔۔11، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان کے ضلع چلاس میں سیلاب متاثرین کے امدادی کیمپ میں آتشزدگی کے باعث 4 خواتین کے جھلس کر جاں بحق اور متعدد خواتین کے جھلس کر زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ چلاس میں سیلاب متاثرین کے امدادی کیمپ میں آتشزدگی اور اس سے ہونے والی ہلاکتوں پر ہر دردمند دل رکھنے والا شخص افسردہ ہے۔انہوں نے جھلس کر جاں بحق ہونے والی خواتین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمی خواتین کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ سید مہدی شاہ سے مطالبہ کیا کہ چلاس میں سیلاب متاثرین کے امدادی کیمپ میں آتشزدگی کے واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے، جاں بحق اور زخمی ہونے والی خواتین کے لواحقین اور اہل خانہ کو معاوضہ ادا کیا جائے اور سیلاب متاثرین کے کیمپ میں اس طرح کے واقعات کی روک تھام کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## عوام وکارکنان اشرف ملک کی جلد مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔11 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر ایلڈر زونگ کے سیکٹر انچارج اشرف ملک کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ اشرف ملک کی مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ اشرف ملک عارضے قلب کی بیماری باعث گزشتہ چندروز سے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## کارکن محمد شکیل کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔11 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 118/B کے کارکن محمد شکیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## عوام وکارکنان حدیثاً بیگم کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن ۔۔۔ 11 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد منور کی والدہ محترمہ حدیثاً بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے عوام، ماؤں بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ حدیثاً بیگم کی مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنے کی بناء پر ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن شمیم انصاری کا تنظیم سے اخراج

کراچی ۔۔۔ 11 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن شمیم انصاری کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ خارج شدہ شمیم انصاری سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆